# حقیقت نامہ

## طلاق

یہ حقیقت نامہ*قانونِ طلاق* کے تحت کینیڈا میں طلاق لینے کے بارے میں عام معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ قانون تب لاگو ہوتا ہے، جب کہ کم از کم ایک زوج اپنے طلاق کے درخواست سے پہلے کم از کم ایک سال کینیڈا کے کسی صوبے یا علاقہ جات میں رہائش پزیر رہا/رہی ہو۔

اگر آپ یا آپ کے زوج میں سے کوئی بھی کینیڈا میں رہائش پزیر نہ ہوں تو، آپ*قانونِ طلاق* کے تحت طلاق نہیں لے سکتے۔ بہر حال، ان محدود حالات میں، اگر آپ کچھ خاص معیار پر پورا اتریں، توآپ *سِوِل میریئج ایکٹ* کے تحت اپنی شادی کا خاتمہ کر سکتے ہیں۔

### طلاق کیا ہے؟

طلاق ایک قانونی کاروائی ہے، جو کہ ایک شادی شدہ جوڑے کے لیئے کرنا ضروری ہے، اگر وہ اپنی شادی کو ختم کرنا چاہیں تو۔ طلاق صرف شادی شدہ جوڑوں کو مل سکتی ہے، اور صرف عدالت ہی طلاق عطا کر سکتا ہے۔ جب ایک بار کاروائی مکمّل ہو جائے تو عدالت ایک طلاق نامہ شائع کرے گا جس سے یہ ثابت ہوگا کہ آپ اب شادی شدہ نہیں رہے۔

### طلاق کے لیئے کون سے قوانین قابلِ اطلق ہیں؟

*قانونِ طلاق* وفاقی قانون ہے جو کہ اس وقت لاگو ہوتا ہے جب ایک شادی شدہ جوڑا طلاق کی درخواست کرتا ہے۔ طلاق حاصل کرنے کے کچھ شرائط پیش کرنے کے علاوہ ، یہ ایسے مسئلوں کو مخاطب کرتا ہے جیسے کہ، بچّوں کی معاونت، زوجی معاودت اور طلاق کے معاملوں میں بچّوں کو پالنے پوسنے کے بندوبست۔ صوبائی یا مملوکہ علاقائی قوانین بھی کچھ کچھ معاملوں میں لاگو ہو سکتے ہیں، جیسے ازدواجی اثاثے کا بٹوارہ۔

صوبائی یا مملوکہ علاقائی قوانین ان شادی شدہ جوڑوں کے لیئے لاگو ہیں جو کہ علیحدگی اختیار کرتے ہیں لیکن طلاق کی درخواست جمع نہیں کرتے، اور ان غیر شادی شدہ جوڑوں کے لیئے ہے جو کہ علیحدگی اختیار کرتے ہیں۔ یہ قوانین عموماً*قانونِ طلاق* کے ماتحت اصولوں سے مطابقت رکھتے ہیں ، پر ان میں کچھ فرق ہے۔ ان قوانین کے بارے میں معلومات یور پرو وِنشیئل آر ٹیریٹوریئل مِنسٹری آف جسٹس آر ایٹورنی جنرل میں مہیّا ہیں۔

### میں کینیڈا میں طلاق کیسے حاصل کروں؟

طلاق حاصل کرنے کے لیئے آپ یا آپ کے میاں/بیوی جس صوبے یا مملوکہ علاقے میں رہائش پزیر ہوں، وہاں کے عدالت میں درخواست جمع کرنا ہے۔ طلاق کی درخواست کے فارم اور کاروائی ایک صوبے یا مملوکہ علاقے کے مقابلے میں دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔ آپ کے صوبے یا مملوکہ علاقے میں طلاق کی درخواست کیسے جمع کی جائے اس کے بارے میں معلومات *یور پرو وِنشیئل آر ٹیریٹوریئل مِنسٹری آف جسٹس آر ایٹورنی جنرل* میں مہیّا ہیں۔



Canada

**کیا مجھے طلاق حاصل کرنے کے لیئے وجہ کی ضرورت ہے؟**

طلاق حاصل کرنے کے لیئے، آپ کو دکھانا ہوگا کہ آپ کی شادی مندرجہ ذیل تین میں سے کسی ایک کی وجہ سے ٹوٹی ہے:

- آپ اور آپ کے زوج نے علیحگی اختیار کر لی ہے اور کو از کم ایک سال تک علیحدہ رہ چکے ہیں؛ **یا**
- آپ کا/آپ کی زوج آپ کے ساتھ جسمانی طور پر اور ذہنی طور پر ظالم تھا/تھی، جس کی وجہ سے اکٹّھے زندگی گزارنا ناقابلِ برداشت ہے، **یا**
- آپ کے زوج نے زناکاری کی ہے۔

**کیا درخواست جمع کرنے سے پہلے مجھے انتظار کرنا پڑے گا؟**

اگر آپ کا دعوی ہے کہ آپ کی اور آپ کے زوج کی علیحدگی کی وجہ سے شادی ٹوٹی ہے، تو آپ کو انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے، بشرطیکہ درخواست کرتے وقت آپ اور آپ کا/آپ کی زوج علیحدہ رہ رہے ہوں۔ تاہم، طلاق کے حاصل کے لیئے ضروری ہے کہ آپ کم از کم ایک سال علیحدہ رہ رہے ہوں۔

اگر آپکا دعوی ہے کہ آپ کی شادی جسمانی اور/یا ذہنی تشدّد کی وجہ سے یا زناکاری کی وجہ سے ٹوٹی ہے، تو آپ کسی بھی وقت درخواست جمع کر سکتے ہیں۔

**اگر علیحدہ رہنے کے بعد ہم دوبارہ اکٹّھے رہنے کی کوشش کریں تو کیا ہوگا؟**

اگر آپ نے ایک سال کی علیحدگی پر انحصار کر کے طلاق کے لیئے درخواست دی ہو تو آپ تجدید تعلقات کے ارادے سے دوبارہ 90 دن اکٹّھے رہ سکتے ہیں۔اگر بات نہ بنی توآپ اپنے طلاق حاصل کرنے کاعمل جاری رکھ سکتے ہیں، جیسے کہ آپ نے کبھی ہ وقت ساتھ گزارا ہی نہ ہو۔

**اگر ہمارے بچّے پیدا ہوئے تو کیا ہوگا؟**

سب سے بہتر یہ ہوگا کہ والدین بچّوں کی معاونت اور پالنے پوسنے کے بندوبست پرمتفق ہوں پایئں۔ تاہم، درخواست کرنے پر، عدالت طلاق کی کاروائی کے لحاظ سے ان مسئلوں پر حکم نامہ جاری کر سکتا ہے ۔

ایک عدالت صرف تب ہی طلاق عطا کر سکتا ہے، جب وہ مطمئن ہو جائے کہ اس شادی سے پیدا ہوئے کسی بھی بچّے کے لیئے بچّوں کی معاونت کا مناسب بندوبست کیا گیا ہے ۔

**میں وکیل کا خرچہ نہیں اٹھا سکتا ہوں۔ طلاق کے لیئے مجھے کہاں سے مدد ملے گی؟**

آپ کے صوبے یا مملوکہ علاقے میں شائد فیملی جسٹس سروسز موجود ہونگے، جیسا کہ ایسی ثالثی جو آپ اور آپ کے زوج کو عدالت میں جانے سے پہلے، ان معاملوں میں سے چند یا تمام کو سلجھا سکیں۔

**کیا میں اپنی نمائندگی خود کر سکتا ہوں؟**

فیملی لاء پیچیدہ ہو سکتا ہے۔ آپ کو نہ صرف اپنے حالات پر جو قوانین لاگو ہیں، ان کو سمجھنے کی ضرورت ہے، بلکہ آپکو اپنے صوبے یا مملوکہ علاقے کے عدالتی کارواﺉ کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ اس بات کا فیصلہ کرنے سے پہلے کہ آیا آپ اپنی نمائندگی خود کریں گے، یہ بہتر ہوگا کہ آپ کے خاندانی مسئلوں کے بارے میں ایک وکیل سے مشورہ لیں، چاہے آپ صرف ایک ہی بار ملاقات کیوں نہ کریں ۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے صوبے یا مملوکہ علاقے میں لائیر ریفرل سروس ہے، جو کہ آپ کو ایک فیملی لاء وکیل کے پاس رجوع کے لیئے بھیجے گا، جو ممکناً آپ کو کم شرح میں یا مفت میں ایک مختصر مشاورت پیش کرے گا۔

**طلاق کب موئثر ہوتا ہے؟**

زیادہ تر صورتِ حال میں، جج کے طلاق عطا کرنے کے 31 دن بعد طلاق با اثر ہوتا ہے۔ عدالت کے طلاق عطا کرنے کے بعد، سابق زوج طلاق نامے کی درخواست کر سکتا/سکتی ہے، جس سے طلاق کی تصدیق اور جس تاریخ سے یہ با اثر ہؤا اس کی تصدیق ہوگی۔

**میں اپنے طلاق نامے کی کاپی کیسے حاصل کروں؟**

آپ کے طلاق نامے کی کاپی حاصل کرنے کے لیئے، یا آپ کے طلاق کے بارے میں دوسری معلومات کے لیئے، آپ کو اس عدالت سے رابطہ کرنا ہوگا، جہاں طلاق کی کاروائی کی گئی تھی۔

اگر آپ کو یقینی طور پر معلوم نہ ہو کہ کس عدالت میں آپ کے طلاق کی کاروائی ہوئی تھی، تو آپ سینٹرل ریجسٹری آف ڈیوورس پروسیڈنگس سے رابطہ کر کے پتہ لگا سکتے ہیں۔رجسٹری آپ کو آپ کے طلاق کے بارے میں تفصیلاً معلومات یا طلاق نامہ مہیّا نہیں کر سکتا۔ ریچسٹری شائد آپ کو اس عدالت کا پتہ دے سکتا ہے، جس میں طلاق کی کاروائی ہوئی تھی اور ایک ریفرینس نمبر دے سکتا ہے جس کے ذریعے سے عنالت کو آپ کے ریکارڈ کو ڈھونڈ نکالنے میں مدد ہو گی۔

رجسٹری سے رابطہ کے لیئے:

- 4519 -613-957 پر ، یا صرف قوّتِ سماعت سے مرحوم لوگوں کے لیئے 1-800-267-7676 پر فون کیجیئے
- ایک سرچ ریکویسٹ فارم پُر کیجیئے اور اسے فارم پر لکھے ہوئے پتے پر بھیجیئے۔

برائے مہربانی اس بات کی یقینی بنائیں کہ جب آپ فون کریں تو آپ کے پاس مندرجہ ذیل معلومات موجود ہوں:

- آپ اور آپ کے سابق زوج دونوں کے پورے نام اور تاریخِ پیدائش؛ اور
- آپ کے شادی کی تاریخ۔

**طلاق اور علیحدگی کے بارے میں مفت معلومات جاننے کے لیئے، جسٹِس کینیڈا میں دستیاب اس مختصر وڈیو میں دیکھیئے، یا ہمارے ویب سائٹ:**

***Canada.ca/family-law*** پر جائیے

**دست برداری:** یہ کوئی قانونی عبارت نہیں ہے اور یہ قانونی مشورہ مہیّا نہیں کرتا ہے۔ چونکہ خاندانی قانون پیچیدہ ہو سکتا ، اس لیئے عموماً بہترین ہے کہ لوگ اپنے حالات کے بارے میں خاندانی قانون کے وکیل سے مشورہ لیں۔ یہ وکیل حقوق اور فرائض کے بارے میں قانونی مشورہ جات دینے کے لیئے بہترین موقیعت میں ہیں۔ زیادہ تر صوبائی اور مملوکہ علاقائی بار اسوسیئیشن لائیر ریفَرل سروِسز پیش کرتے ہیں۔ کچھ وکیل مفت میں یا کم شرح میں ایک ابتدائی مشاورت مہیّا کر سکتے ہیں، کچھ افراد وکیل کی مشاورت صرف چند مرتبہ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تاکہ ان کے مخصوص حالات کے کچھ خاص پہلوؤں میں مدد ملے۔